## خودکش بم دھماکے کر کے معصوم و بے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے عناصر انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔الطاف حسین

## خودکش بم دھماکے حکومت اور ارباب اختیار کیلئے ہی نہیں بلکہ پوری قوم کیلئے ایک کھلا چیلنج ہیں

## لاہور میں خودکش بم دھماکوں پر اظہار مذمت

## ایم کیو ایم کا ایک ایک کارکن خودکش بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے

لندن۔۔۔11 مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں آج ہونے والے دوخودکش بم دھماکوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوران میں عورتوں اور بچوں سمیت درجنوں افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جوعناصر خودکش بم دھماکے کر کے معصوم و بے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں وہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک میں تسلسل کے ساتھ ہونے والے یہ خودکش بم دھماکے حکومت اور ارباب اختیار کیلئے ہی نہیں بلکہ پوری قوم کیلئے ایک کھلا چیلنج ہیں لہٰذا پوری قوم کو متحد ہو کر دہشت گردی کی اس لہر سے نمٹنا ہوگا۔جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکوں میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کا ایک ایک کارکن خودکش بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والوں کی مغفرت فرمائے اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔انہوں نے بم دھماکے کے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی بھی دعا کی۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی سے نمٹنے اورشہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

## الطاف حسین کی جانب سے خودکش بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جان بچانے کیلئے لاہور کے نوجوانوں سے خون کے عطیات دینے کی اپیل

لندن۔۔۔11 مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور کے شہریوں خصوصاً نوجوانوں سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ لاہور میں ہونے والے خودکش بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جان بچانے کیلئے مقامی اسپتالوں میں پہنچ کر خون کے عطیات دیں۔انہوں نے کہا کہ خودکش بم دھماکوں میں بڑی تعداد میں نوجوان، بزرگ، عورتیں اور بچے شدید زخمی ہیں جن کی زندگیاں بچانے کیلئے خون کے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔

## سابق وفاقی وزیر داخلہ جنرل ریٹائرڈ معین الدین حیدر کی اہلیہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔11 مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق وفاقی وزیر داخلہ جنرل ریٹائرڈ معین الدین حیدر کی اہلیہ کے انتقال پر دلی افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے معین حیدر اور انکے تمام اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام سوگوار اہل خانہ کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

## خودکش بم دھماکے ملک کو غیر مستحکم کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا حصہ ہیں، ڈاکٹر عمران فاروق

## جو عناصر بے گناہ شہریوں کا خون بہا رہے ہیں وہ انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں

لندن۔۔۔11 مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنو ینر ڈاکٹر عمران فاروق نے لاہور میں خودکش بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکوں میں بچوں سمیت درجنوں افراد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ لاہور کے علاقے ٹمپل روڈ

اور مال روڈ میں ہونے والے خودکش بم دھماکے ملک کو غیر مستحکم کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا حصہ ہیں اور جو عناصر اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کا خون بہا رہے ہیں وہ انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ لاہور میں خودکش دھماکوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور ملک بھر میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔ڈاکٹر عمران فاروق نے لاہور بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کے تمام کارکنان وعوام سوگوار لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ڈاکٹر عمران فاروق نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔انہوں نے بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## معصوم شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف سخت اقدامات کئے جائیں۔طارق جاوید

### لاہور میں خودکش بم دھماکوں پر اظہار مذمت، معصوم شہریوں کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔11 مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید نے لاہور میں ہونے والے خودکش بم دھماکوں کی شدید مذمت کی ہے اوران واقعات میں معصوم شہریوں کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس کیا ہے۔انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ خودکش بم دھماکوں میں ملوث افراد کسی طور پر بھی انسان کہلائے جانے کے مستحق نہیں ہوسکتے۔انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ ملک کو خودکش بم دھماکوں کے اس سنگین چیلنج سے نمٹنے کیلئے اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کریں۔انہوں نے ارباب اقتدار سے مطالبہ کیا کہ معصوم شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف سخت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی اللہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور انکے لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اور زخمی ہونے والوں کو جلد صحت کاملاں عطا فرمائے۔

## الطاف حسین کی سوچ ہر محبّ وطن پاکستانی کی سوچ کی عکاس ہے

### مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے جناب الطاف حسین کے انٹرویو کا خیر مقدم

کراچی۔۔۔11، مارچ 2008ء۔۔۔مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے گزشتہ روز مقامی ٹی وی چینل پر نشر ہونے والے انٹرویو کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور انٹرویو میں جناب الطاف حسین کے مدلل جوابات، مشوروں اور اپیلوں کو ہی ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں قرار دیا ہے۔جناب الطاف حسین کا انٹرویو نشر ہونے کے کچھ دیر بعد ہی پاکستان سمیت دنیا بھر سے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ اور کراچی میں واقع ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر ٹیلی فون، فیکس اور ای میل کے ذریعے پیغامات کا تانتا بندھ گیا۔پیغامات ارسال کرنے والوں نے جناب الطاف حسین کے انٹرویو کا پرجوش خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین کے خیالات ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں ہیں اور ان کی سوچ ہر محبّ وطن پاکستانی کی سوچ کی عکاس ہے۔پیغامات میں کہا گیا ہے کہ جناب الطاف حسین نے ہر سوال کا مدلل جواب دیا ہے، ان کا ہر لفظ سچائی پر مبنی ہے اور اس انٹرویو سے ملک بھر کے عوام کو جناب الطاف حسین کی سیاسی بصیرت اور مدبرانہ قیادت کا بخوبی اندازہ ہوجانا چاہئے۔پیغامات میں کہا گیا ہے کہ یہ جناب الطاف حسین کی اعلیٰ ظرفی ہے کہ وہ نام نہاد سیاسی رہنماؤں کی الزام تراشی کے جواب میں انہیں دعائیں دے رہے ہیں۔ایم کیو ایم ایک زندہ حقیقت ہے اور ایم کیو ایم کو حاصل عوامی مینڈیٹ کو تسلیم نہ کرنے والے جمہوریت پسند قرار نہیں دیئے جاسکتے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے اپنے انٹرویو میں قومی مفاہمت کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا ہے اور ملک کی دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں پر بھی لازم ہے کہ وہ سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر پاکستان کی بقاء وسلامتی کے ایک نکاتی ایجنڈے پر متحد ہوکر ملک میں مثبت روایت کی بنیاد ڈالیں۔پیغامات میں جناب الطاف حسین کی سیاسی بصیرت، فہم وفراست، وسیع القلبی اور مدبرانہ قیادت کو سراہتے ہوئے ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کی گئی ہیں۔

## بیرسٹر سلطان محمد چوہدری اور سیاسی وسماجی تنظیموں کے رہنماؤں نے طاہر کھوکھر کی عیادت کی
## صدر آزاد کشمیر نے طاہر کھوکھر کیلئے گلدستہ بھیجا اوران کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا

اسلام آباد۔۔۔ 11، مارچ 2008ء۔۔۔مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے رہنماؤں اور کارکنوں نے پمز اسپتال میں آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اجلاس کے دوران حکومتی وزراء کے تشدد سے زخمی ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کی عیادت کی اوران پر آزاد کشمیر کے حکومتی وزراء اوراراکان اسمبلی کی جانب سے بہیمانہ تشدد کے واقعہ کی شدید مذمت کی۔اس سلسلے میں گزشتہ روز آزاد کشمیر کے سابق وزیراعظم بیرسٹر سلطان محمد چوہدری، اسپیکر آزاد اسمبلی شاہ غلام قادر کے علاوہ اسلام آباد کے صحافیوں نے طاہر کھوکھر کی عیادت کی جبکہ آزاد کشمیر کے صدر راجہ ذوالقرنین خان کی جانب سے طاہر کھوکھر کیلئے پھولوں کا گلدستہ بھیجا گیا اور نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا گیا

## تنظیم نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن کو دوماہ کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔11، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کی بناء پر ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن شاہد خان ولد اظہر علی کو دوماہ کیلئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ شاہد خان سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران وکارکنان نے لاہور بم دھماکوں کے زخمیوں کی عیادت کی
## ایم کیوایم کے کارکنان نے زخمیوں کیلئے خون کے عطیات دیئے

لاہور۔۔۔11، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان نے لاہور بم دھماکوں میں بے گناہ افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا اور لاہور کے میئو اسپتال اور گنگا رام اسپتال جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زخمیوں کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی۔وہ کچھ دیر تک زخمیوں کے ساتھ رہے اورانہوں نے زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کی دعا بھی کی۔دریں اثناء ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران وکارکنان نے اسپتالوں میں بم دھماکوں کے زخمیوں کیلئے خون کے عطیات بھی دیئے۔علاوہ ازیں ایم کیوایم پنجاب کمیٹی کے اراکین نے لاہور میں بم دھماکوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ شہریوں کوخون میں نہلانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## طاہر کھوکھر پر حکومتی وزراء کے تشدد کے خلاف 13 مارچ کو اسلام آباد پریس کلب کے سامنے بھرپور احتجاج کریں گے، ملک تنویر
## 12 ربیع الاول کے بعد آزاد کشمیر میں احتجاجاً بھوک ہڑتالی کیمپ لگائیں گے

اسلام آباد۔۔۔ 11، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حکومتی وزراء کی جانب سے اسمبلی کے رکن طاہر کھوکھر پر بہیمانہ تشدد قابل مذمت ہے اور ایم کیوایم اس بہیمانہ واقعہ کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گی۔انہوں نے کہا کہ طاہر کھوکھر پر وحشیانہ تشدد کے خلاف ایم کیوایم کی جانب سے 13 مارچ کو اسلام آباد پریس کلب کے سامنے بھرپور احتجاج کیا جائے گا اور 12 ربیع الاول کے بعد پورے آزاد کشمیر میں بھوک ہڑتالی کیمپ لگائیں گے۔انہوں نے کہا کہ کشمیر کے عوام کو لوٹنے والے حکمرانوں کو اپنے مظالم کا حساب دینا ہوگا اور انشاء اللہ ایم کیوایم کشمیری عوام کو ظالم لیٹرے حکمرانوں سے نجات دلانے کی جدوجہد جاری رکھے گی۔ملک تنویر نے مطالبہ کیا کہ حکومت آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کو تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا سنجیدگی سے نوٹس لے، اس واقعہ میں ملوث وزیر اوقاف اور دیگر اراکین کو برطرف کیا جائے اوران کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

## طاہر کھوکھر کو تشدد کا نشانہ بنانا قابل مذمت ہے، ایم کیو ایم ضلع میر پور

## 13، مارچ کو اسلام آباد کے مظاہرے میں میر پور کے کارکنان و عوام بھرپور شرکت کریں گے

میر پور۔۔۔ 11، مارچ 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ ضلع میر پور کے آرگنائزر افتخار احمد نے 13 مارچ کو اسلام آباد میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کو تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر پر مظفر آباد اسمبلی میں 3 حکومتی وزراء کی جانب سے تشدد اور تھانہ پولیس مظفر آباد سیکریٹریٹ میں ایف آئی آر درج نہ کرنے اور آزاد کشمیر حکومت کے اراکین کی بدعنوانیوں کے خلاف 13 مارچ کو اسلام آباد میں ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرے میں ایم کیو ایم ضلع میر پور کے کارکنان اور ہمدرد عوام بھرپور شرکت کریں گے اور اس غیر جمہوری عمل کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کرائیں گے۔

☆☆☆☆☆